جلد ۵۰/۱۵ | ۲۵ امان ۱۳۴۰ ہش | ۲۵ مارچ ۱۹۶۱ء | نمبر ۶۸

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اطال اللہ بقاءہ کی صحت کے متعلق تازہ اطلاع

ربوہ ۲۴ مارچ بوقت ۹½ بجے صبح

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ حضور کی طبیعت بفضلہ تعالیٰ بہتر ہے۔ احباب جماعت شفائے کامل و عاجل، درازیٔ عمر کے لئے خاص توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں۔

ربوہ میں یوم پاکستان کی تقریب اہتمام سے منائی گئی

مساجد میں پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے اجتماعی دعائیں۔ اہم عمارتوں پر چراغاں

ٹاؤن کمیٹی کی طرف سے کھیلوں اور میچوں کا اہتمام۔ کھلاڑیوں کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب

ربوہ ۲۴ مارچ۔ یہاں مورخہ ۲۳ مارچ ۱۹۶۱ء کو یوم پاکستان کی تقریب اہتمام سے منائی گئی۔ اس خوشی میں صدر انجمن احمدیہ اور تحریک جدید کے دفاتر نیز جملہ تعلیمی اداروں میں عام تعطیل رہی۔ تقاریب کا آغاز نماز فجر کے بعد تمام مساجد میں پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لئے اجتماعی دعاؤں سے ہوا۔ دن طلوع ہوتے ہی ٹاؤن کمیٹی تعلیم الاسلام کالج اور دیگر عمارتوں پر پاکستان کا قومی پرچم لہرایا گیا۔ اس موقعہ پر ٹاؤن کمیٹی کی طرف سے کھیلوں اور میچوں کا اہتمام کیا گیا تھا چنانچہ گول بازار میدان اور غلہ منڈی میں کرکٹ والی بال اور رنگ کے میچ ہوئے۔ مکرم چوہدری ظہور احمد صاحب باجوہ ممبر ٹاؤن کمیٹی نے صبح سوا آٹھ بجے کھیلوں کا افتتاح فرمایا۔ میچوں کا یہ سلسلہ صبح سوا آٹھ بجے سے بارہ بجے تک اور پھر ساڑھے چار بجے سے چھ بجے شام تک جاری رہا۔ رنگ کے مقابلوں میں آٹھ ٹیمیں شامل ہوئیں۔ اور دن بھر ان کے میچ کھیلے گئے۔ نیز والی بال اور کرکٹ کا ایک ایک میچ ہوا۔ نماز مغرب کے بعد ٹاؤن کمیٹی کی طرف سے جملہ کھلاڑیوں کے اعزاز میں کیفے فردوس میں ایک استقبالیہ ترتیب دیا گیا۔ جس میں ٹاؤن کمیٹی کے ممبران کے علاوہ مکرم پروفیسر بشارت الرحمن صاحب ایم۔ اے چیئرمین ٹاؤن کمیٹی ربوہ نے بھی شرکت فرمائی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ جو مکرم محی الدین صاحب انڈونیشین نے کی۔ بعد ازاں مکرم بشارت الرحمن صاحب چیئرمین ٹاؤن کمیٹی نے کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے قومی زندگی میں کھیلوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی آپ نے فرمایا کھیل جسمانی اور دماغی و ذہنی صحت کے لئے ہی ضروری نہیں ہیں بلکہ افراد اور قوموں کی زندگی سنوارنے اور انہیں صحیح خطوط پر استوار کرنے میں بھی یہ بہت مد ثابت ہوتے ہیں۔ جن اصولوں پر کھیل کھیلے جاتے ہیں اور جس روح سے مسابقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے نظم و ضبط کے ساتھ ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اگر اس روح اور جذبے کو زندگی کے کھیل میں اپنایا جائے تو نہ صرف افراد کی زندگیوں میں خوشگوار انقلاب رونما ہو سکتا ہے۔ بلکہ قومیں بھی شاہراہ

(باقی دیکھیں ۸ پر)

حضرت مرزا شریف احمد صاحب سلمہ ربہ کی صحت کے متعلق اطلاع

ربوہ ۲۴ مارچ۔ حضرت مرزا شریف احمد صاحب سلمہ ربہ کی طبیعت تا حال ناساز چلی آرہی ہے۔ احباب جماعت صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے خاص توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں۔

لائبیریا مشن کا ڈاک کا پتہ

مبلغ لائبیریا مکرم مبارک احمد صاحب ساقی نے اطلاع دی ہے کہ لائبیریا مشن ہاؤس کا پتہ تبدیل ہو گیا ہے۔ نیا پتہ درج ذیل ہے۔

Ahmadiyya Muslim
Mission P.O. Box No 618
Monrovia
Liberia.

(وکالت تبشیر ربوہ)

حضرت سیدہ اُم متین صاحبہ کی صحت کیلئے دعا کی تحریک

احباب جماعت التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ ام متین صاحبہ کو جن کا پچھلے دنوں لاہور میں اپریشن ہوا ہے اپنے فضل سے جلد کامل صحت عطا فرمائے۔ آمین

یادگاری مسجد کی تکمیل اور احباب جماعت سے ایک گزارش

محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب چیف میڈیکل آفیسر فضل عمر ہسپتال ربوہ ——

کچھ عرصہ ہوا خاکسار نے الفضل میں اعلان کیا تھا کہ مسجد یادگاری کا صحن ابھی مکمل ہونا باقی ہے۔ نیز مسجد کے لئے دریوں کی بھی ضرورت ہے۔ جس کے لئے احباب کی خدمت میں عطیہ جات دینے کی تحریک کی تھی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے صحن اب مکمل ہو چکا ہے۔ اور اس یادگاری مسجد کے شایانِ شان یہ صحن بنایا گیا ہے۔ اس پر آٹھ صد روپے سے زائد خرچ ہو گیا۔ افسوس ہے احباب نے اس طرف بالکل توجہ نہیں دی۔ اور عطیہ جات نہیں بھجوائے۔ امید ہے احباب جلد حسب توفیق مسجد کے لئے عطایا بھجوائیں گے۔ تا یہ قرض ادا ہو سکے۔ اور مسجد کی دریاں بھی منگوائی جا سکیں۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء

خاکسار۔ ڈاکٹر مرزا منور احمد

مسجد فضل لنڈن میں عید الفطر کی تقریب ۷۰۰ سے زائد افراد کی شرکت

خطبہ عید محترم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے پڑھا۔

لنڈن (بذریعہ تار) مکرم امام صاحب مسجد فضل لنڈن مطلع فرماتے ہیں کہ ۱۹ مارچ ۱۹۶۱ء کو مسجد فضل لنڈن میں عید الفطر کی تقریب کامیابی اور خیر و خوبی کے ساتھ منائی گئی۔ اس تقریب میں ۷۰۰ سے زائد افراد نے شرکت کی۔ نماز کے بعد محترم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے خطبہ عید پڑھا۔ آپ نے خطبہ میں اس امر کو واضح فرمایا کہ اسلام نے تہوار منانے کا مقصد یہ قرار دیا ہے۔ کہ اس کے نتیجہ میں انسان کو رضائے الٰہی حاصل ہو۔ بعد ازاں مشن کی طرف سے جملہ مہمانوں کی خدمت میں دوپہر کا کھانا پیش کیا گیا۔

ایڈیٹر: روشن دین تنویر بی اے ایل ایل بی
مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دار الرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا

روزنامہ الفضل ربوہ
مورخہ ۲۵ مارچ ۶۱ء

امتی نبی

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی معرکۃ الآراء تصنیف منیف "حقیقۃ الوحی" میں صفحہ ۹۶ اور صفحہ ۹۷ کے حاشیہ میں فرماتے ہیں:۔

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنے والا اس درجہ کو پہنچا کہ ایک پہلو سے وہ امتی ہے اور ایک پہلو سے نبی کیونکہ اللہ جلشانہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو صاحب خاتم بنایا یعنی آپ کو افاضہ کمال کے لئے مہر دی جو کسی اور نبی کو ہرگز نہیں دی گئی اسی وجہ سے آپ کا نام خاتم النبیین ٹھہرا یعنی آپ کی پیروی کمالات نبوت بخشتی ہے اور آپ کی توجہ روحانی نبی تراش ہے اور یہ قوت قدسیہ کسی اور نبی کو نہیں ملی یہی معنی اس حدیث کے ہیں کہ علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل یعنی میری اُمت کے علماء بنی اسرائیل کے نبیوں کی طرح ہوں گے اور بنی اسرائیل میں اگرچہ بہت نبی آئے مگر اُن کی نبوت موسیٰ کی پیروی کا نتیجہ نہ تھا بلکہ وہ نبوتیں براہ راست خدا کی ایک موہبت تھیں حضرت موسیٰ کی پیروی کا اس میں ایک ذرہ کچھ دخل نہ تھا اسی وجہ سے میری طرح اُن کا یہ نام نہ ہوا کہ ایک پہلو سے نبی اور ایک پہلو سے امتی۔ بلکہ وہ انبیاء مستقل نبی کہلائے اور براہ راست اُن کو منصب نبوت ملا۔"

اس کے علاوہ بھی آپ نے کئی جگہ اپنی نبوت کے متعلق فرمایا ہے اور صاف صاف لفظوں میں واضح کیا ہے کہ آپ صرف نبی نہیں کہلا سکتے بلکہ "امتی نبی" کہلا سکتے ہیں۔ آپ نے عبارت مندرجہ بالا میں یہ امر بھی واضح کیا ہے کہ "امتی نبوت" صرف امت محمدیہ کے ساتھ خاص ہے۔ یہ نبوت دراصل سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظیم الشان اور مکمل نبوت کا ہی پرتو ہے۔

اگرچہ امتی نبی کی اصطلاح بظاہر سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی وضع کردہ ہے تاہم ایسی نبوت کی بنیاد قرآن کریم اور احادیث نبوی پر ہے اور صلحاء ائمہ امت کے اقوال میں بھی اس کی وضاحت کی گئی ہے چنانچہ قرآن کریم میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

"ومن یطع اللہ والرسول فاولٰئک مع الذین انعم اللہ علیهم من النبیین والصدیقین والشهداء والصلحین وحسن اولٰئک رفیقاً۔ ذٰلک الفضل من اللہ وکفیٰ باللہ علیما۔

ترجمہ:۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا۔ تو یہ لوگ ان لوگوں میں سے ہوں گے جن پر اللہ تعالےٰ نے انعام کیا ہے یعنی نبی اور صدیق اور شہید اور صالحین اور یہ لوگ کیا ہی اچھے رفیق ہیں یہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے فضل ہے اور اللہ تعالےٰ جو علیم ہے کافی ہے۔"

یہاں "رسول" کی اطاعت سے سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلعم کی اطاعت مراد ہے اور ظاہر ہے کہ اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرنے والا وہی ہو سکتا ہے جو امت محمدیہ میں داخل ہو لہذا اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول صلعم کی اطاعت کرنے والا نبیوں۔ صدیقوں شہیدوں اور صالحین میں سے ہو سکتا ہے۔

یہاں کامل اطاعت مقصود ہے۔ یہ تو ایک پہلو ہے دوسرا پہلو یہ ہے کہ یہ درجات اللہ تعالےٰ کی طرف سے ہی عطا ہوتے ہیں اس سے ثابت ہے کہ آئندہ اللہ تعالےٰ کسی شخص کو نبوت نہیں دے گا۔ جو پہلے امت محمدیہ میں داخل نہ ہو۔ لہذا سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے "امتی نبی" کے دعوے کی بنیاد اس نص پر ہے اور آپ نے جو "امتی نبی" کی اصطلاح پیش کی ہے وہ نص کے لحاظ سے بے بنیاد نہیں ہے۔

ہم یہاں لفظ "مع" کے معنی کی بحث میں نہیں جانا چاہتے۔ البتہ اس قدر کہنا ضروری سمجھتے ہیں کہ اگر یہ کہا جائے کہ اب کسی قسم کا نبی نہیں آسکتا تو مع کے معنی اگر "ساتھ" کئے جائیں گے تو یہ ماننا پڑے گا۔ کہ امت محمدیہ میں صدیق۔ شہید۔ صالح بھی نہیں پیدا ہونگے اللہ تعالےٰ اور رسول کی اطاعت کرنے والوں کو ان کی صرف رفاقت ہی نعوذ باللہ نصیب ہوگی ورنہ کوئی یہ درجہ حاصل نہیں کر سکے گا۔

باقی جو لوگ آیہ خاتم النبیین سے ہر قسم کی نبوت کو ہمیشہ تک کے لئے ختم مانتے ہیں وہ اس امر پر غور نہیں کرتے کہ اللہ تعالےٰ نے اس معنی کے لئے قرآن کریم میں خاص الفاظ استعمال فرمائے ہیں اور وہ یہ ہیں کہ:۔

لن یبعث اللہ من بعدہ رسولاً۔

خاتم النبیین کے معنی نبیوں کی مہر کے تمام علماء کے نزدیک مسلمہ ہیں۔ دنیا میں کوئی مہر نہیں ہے جو کسی چیز کو بند کرنے کے لئے لگائی جاتی ہو بلکہ ہمیشہ تصدیق کے لئے لگائی جاتی ہے کہ یہ چیز فلاں کمپنی یا فلاں افسر کی طرف سے ہے۔ بوتل وغیرہ کو مہر سے نہیں بلکہ لاکھ وغیرہ سے بند کیا جاتا ہے۔ اور لاکھ پر مہر تصدیق کے لئے ہوتی ہے۔

بہرحال یہ کہنا درست نہیں ہے کہ "امتی نبی" کی اصطلاح بے بنیاد ہے اور اس کے لئے کوئی نص نہیں جہاں تک احادیث نبوی کا تعلق ہے سو ایک حدیث تو مسیح موعود علیہ السلام کی مندرجہ بالا عبارت ہی میں موجود ہے دوسری حدیث لا المھدی الا عیسیٰ ہے۔ اس حدیث کی رو سے بھی "امتی نبی" کی اصطلاح کی تائید ہوتی ہے امام المہدی ہونے کی حیثیت سے امتی اور عیسیٰ ابن مریم ہونے کی حیثیت سے نبی کیونکہ احادیث میں آنے والے مسیح کے متعلق "نبی" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ پھر ایک اور حدیث ہے۔ جس میں سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو وہ میری پیروی کرتے۔ آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ وہ نبی نہ ہوتے۔ اس حدیث سے بھی اس امر پر روشنی پڑتی ہے کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے "امتی نبی" کی اصطلاح بغیر دینی بنیاد کے خود بخود نہیں گھڑ لی۔

نص اور احادیث کے علاوہ اقوال ائمہ سے بھی "امتی نبی" کی اصطلاح کی تائید ہوتی ہے چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہ کے قول "قولوا خاتم النبیین ولا تقولوا لانبی بعدہ" سے لے کر حضرت شیخ اکبر ابن عربی علیہ الرحمۃ کی تشریحات تک کہ حدیث لانبی بعدی غیر تشریعی نبی کی آمد سے مانع نہیں اور مولانا روم علیہ الرحمۃ سے لے کر حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی علیہ الرحمۃ بانی دیوبند تک سینکڑوں ائمہ اور صلحا نبوت فی الامت کے قائل ہیں اور ایسے نبی کو آیہ خاتم النبیین اور حدیث لانبی بعدی کے منافی نہیں سمجھتے۔

بہرحال "امتی نبی" کی اصطلاح اگرچہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ہی پہلے اس صورت میں استعمال کی ہے۔ لیکن اس اصطلاح کی بنیاد نص احادیث اور اقوال ائمہ پر ہے۔ اس لئے جو لوگ کہتے ہیں کہ نبی امتی نہیں ہو سکتا اور نہ نبی امتی ہوتا ہے۔ بغیر کسی دینی بنیاد کے ایسا کہتے ہیں۔ وہ اپنے اصول کے ثبوت میں کوئی شرعی دلیل نہیں رکھتے یہ ان کا من گھڑت اصول ہے اور محض عقلی ڈھکوسلا ہے اور کچھ بھی نہیں حقیقت یہ ہے کہ ان لوگوں کا یہ من گھڑت اصول خود ان کے اپنے مسلمات کے خلاف ہے۔ یہ لوگ اعتقاد رکھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آخری زمانہ میں جب نازل ہوں گے تو سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی امت میں ہوں گے اور یہاں تک مانتے ہیں کہ یہ استدعا خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کی تھی کہ مجھے امت محمدیہ میں شامل کیا جائے حیرت ہے کہ یہ لوگ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ امتی نبی نہیں ہو سکتا اور نہ نبی امتی ہو سکتا ہے۔ کیونکہ یہ لوگ اس بات کے بھی قائل ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب دوبارہ نازل ہوں گے تو آپ کی نبوت ساقط نہیں ہوجائیگی۔ بلکہ آپ نبی ہی رہیں گے۔ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو ان لوگوں سے یہ اختلاف ہے۔ کہ مسیح موعود پہلے امتی ہوگا اور اس کو جو نبوت ملے گی وہ مستقل نہیں ہوگی بلکہ سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے واسطے اور فیض سے ملے گی۔ مگر یہ لوگ تو ایک مستقل نبی اسرائیلی نبی کو امت محمدیہ میں داخل کرتے ہیں۔ اور پھر اعتراض کرتے ہیں کہ "امتی نبی" کی اصطلاح صحیح نہیں کیونکہ امتی نبی اور نبی امتی نہیں ہو سکتا۔

بالعجب! الغرض سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو کوئی نبی مانے یا نہ مانے یہ دوسرا سوال ہے مگر "امتی نبی" ہو سکتا ہے یا نہیں ایک علمی سوال ہے جو کوئی اس اصطلاح کو غیر دینی بیان کرتا ہے اس کو چاہیئے کہ دلیل پیش کرے۔ محض زمانہ سازی کے لئے نعرہ بازی کرنا دین کے علمبرداروں کا کام نہیں۔ آخر ایک روز اللہ تعالےٰ کے سامنے حاضر ہونا ہے۔

دعائے مغفرت

میری والدہ اہلیہ محترم ملک نواب الدین صاحب مرحوم سابق پرائیویٹ سیکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تقریباً دو سال بعارضہ سرطان بیمار رہ کر ۱۹ مارچ صبح ساڑھے چھ بجے وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ جنازہ اسی دن ربوہ لے جایا گیا جہاں بعد نماز مغرب حضرت مرزا بشیر احمد صاحب اطال اللہ بقاءہ نے جنازہ پڑھایا اور جنازے کو کندھا دیا۔ مرحومہ بہشتی مقبرہ میں دفن کی گئیں۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالےٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے۔ اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور ہم دونوں بھائیوں کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین (ملک صلاح الدین خالد ایم۔ اے ایڈیٹر سماج کنسٹرکٹ اچھرہ لاہور)

غانا (مغربی افریقہ) میں ایک لاکھ تیس ہزار روپیہ کے مصرف سے

ایک شاندار احمدیہ مسجد کی تعمیر

افتتاح کی تقریب پر کامیاب اجتماع ممبران پارلیمنٹ، سفارتی نمائندگان اور دیگر معززین کی شمولیت اور پیغامات

از مکرم قریشی فیروز محی الدین صاحب مبلغ غانا بتوسط وکالت تبشیر ربوہ

(Wa) وا میں احمدیت

غانا میں مسلمان اقلیت میں ہیں۔ لیکن اپر غانا میں مسلمانوں کی آبادی زیادہ ہے۔ اس علاقہ میں حضرت حکیم فضل الرحمٰن صاحب مرحوم کے ذریعہ مومن کوری صاحب انسپکٹر پولیس نے (جو بعد میں اس علاقہ کے چیف بھی رہے ہیں) احمدیت قبول کی۔ لیکن ان کے قبول احمدیت کے جلد بعد گاؤں چلے جانے کی وجہ سے اس علاقہ کے لوگوں کو ان کے احمدی ہونے کا علم نہ ہوا ان کے بعد احمدیت کے جانباز مجاہد حضرت مولوی نذیر احمد صاحب علی مرحوم کے ذریعہ ۱۹۳۱ء میں الحاج امام صالح نے قبول احمدیت کی سعادت پائی۔ اول اول سخت مخالفت ہوئی لیکن بعد میں دن بدن جماعت ترقی کی منازل طے کرنے لگی۔ حتی کہ اب ایک مضبوط اور منظم جماعت اس علاقہ میں قائم ہے ان کے اخلاص کا اندازہ اس امر سے بخوبی لگ سکتا ہے کہ یہ جماعت ایک عربی سکول کامیابی سے چلا رہی ہے اور ایک لاکھ تیس ہزار روپے یعنی ۹۷۰۰ پاؤنڈ کے صرف کثیر سے انہوں نے غانا میں عالی شان مسجد بنائی ہے۔ اس شہر میں ابھی تک بجلی نہیں آئی۔ لیکن مسجد کو ہر لحاظ سے دیدہ زیب بنانے کے لئے انہوں نے اپنا جنریٹر نصب کیا ہے۔ جس سے بیک وقت چالیس قمقمے منور ہو کر دور دور تک لوگوں کے لئے دلکشی کا موجب بنتے ہیں

اجلاس اول

تلاوت کلام پاک کے بعد مولانا نذیر احمد صاحب مبشر امیر غانا نے اپنی تقریر میں ممبران جماعت وا کے ایثار و قربانی کی تعریف کی لیکن جب مولوی صاحب کی زبان پر یہ ذکر آیا کہ وہ شخص جس کی مخلصانہ اور ان تھک کوششوں کے نتیجہ میں اس جماعت کو یہ قابل فخر مسجد بنانے کی توفیق ملی۔ اور جو اس جماعت کا روح رواں تھا وہ افتتاح سے صرف پچیس دن پہلے وفات پا گئے۔ تو رقت سے ان کی آواز بھرّا گئی۔ اور حاضرین میں سے اکثر کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے مولوی صاحب محترم نے دنیا کی بے بضاعتی کی طرف توجہ دلاتے ہوئے اس چند روزہ زندگی کو غنیمت جاننے اور ساری جماعت کو اپنی قربانی کے معیار کو بلند تر کرنے کی تلقین فرمائی۔

عالمی مسائل کے اسلامی حل پر مکرم مولوی عطاء اللہ صاحب کلیم نے مبسوط تقریر کی اور اسلام کو تمام مشکلات کا مداوا ثابت کیا۔ اور اس امر پر زور دیا کہ اسلام نے دنیا کے کسی بھی کونہ میں پیدا ہونے والے مصلح ربانی کی عزت و تکریم کا سبق دے کر دنیا میں حقیقی اور پائیدار امن کی بنیاد رکھ دی ہے۔ جب تک دنیا اس اصول کو نہیں اپناتی اسے سکھ اور چین نصیب نہیں ہو سکتا۔

نمازوں کے وقفہ کے بعد الحاج مولانا نذیر احمد صاحب مبشر نے نماز جمعہ اور عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ خطبہ جمعہ میں آپ نے جماعتی ترقی کے لئے پانچ اہم نکات بیان کئے۔

پروگرام کے مطابق نماز جمعہ کے بعد جماعت کے اکابرین کے ساتھ جماعتی ترقی کے متعلق مشورے کئے گئے۔

اجلاس دوم

ہفتہ کے روز مسٹر یعقوب بن عیسیٰ کی تلاوت

احباب جماعت کے نام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پیغام

غیر موصی اصحاب وصیت کریں اور موصی اصحاب اپنی قربانیوں میں مزید اضافہ کرنے کی کوشش کریں

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھُوَ النَّاصِرُ

برادرانِ جماعت۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ تعالیٰ کے منشاء کے ماتحت وصیت کا نظام قائم فرمایا تھا اور جماعت کے دوستوں کو ہدایت فرمائی تھی کہ وہ اشاعتِ اسلام کے لئے اپنے مالوں اور جائدادوں کو اس کی راہ میں پیش کریں تا کہ انہیں مرنے کے بعد جنتی زندگی حاصل ہو۔ اس تحریک میں خدا تعالیٰ کے فضل سے اب تک ہزاروں لوگ حصہ لے چکے ہیں۔ مگر ابھی ایک بہت بڑی تعداد ایسے لوگوں کی بھی پائی جاتی ہے جنہوں نے وصیت نہیں کی اور یہ ایک افسوسناک امر ہے۔ میں اس پیغام کے ذریعہ تمام جماعتوں کے امراء اور پریذیڈنٹوں اور مربیانِ سلسلہ کو خاص طور پر توجہ دلاتا ہوں کہ وہ غیر موصی اصحاب کو وصیت کرانے اور موصی اصحاب کو اپنی قربانیوں میں اور بھی اضافہ کرنے کی طرف بار بار توجہ دلاتے رہیں۔ اگر ہر وصیت کرنے والا کم از کم ایک نئے شخص سے ہی وصیت کروانے میں کامیاب ہو جائے۔ تو ہمارے بجٹ میں ہزاروں لاکھوں روپیہ کا اضافہ ہو سکتا ہے۔ اور اگر امراء اور جماعتوں کے پریذیڈنٹ اور سلسلہ کے مربی بھی اس تحریک کی اہمیت کو سمجھیں تو چند دنوں میں ہی سلسلہ کی مالی حالت میں غیر معمولی ترقی ہو سکتی ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ جو دوست ابھی موصی نہیں وہ وصیت کرنے اور موصی اصحاب دوسروں سے زیادہ سے زیادہ وصیتیں کروانے کی خاص طور پر کوشش کریں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو اپنے فرائض کے سمجھنے اور اس نظام وصیت میں شامل ہونے کی توفیق بخشے جو اعلائے کلمہ اسلام کے لئے جاری کیا گیا ہے۔ والسلام

خاکسار: مرزا محمود احمد ۵/۳/۶۱

کلام پاک کے بعد امیر صاحب محترم کی زیر صدارت اجلاس دوم شروع ہوا۔

امام الزمان حضرت مسیح موعود علیہ السلام

مکرم مولوی عبد الوہاب صاحب مبلغ سلسلہ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارہ میں انبیاء سابقہ اور حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیاں تفصیلاً بیان کر کے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو ان کا مصداق ثابت کیا اور رسول عربی صلے اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے مطابق ۱۸۹۴ء میں خسوف وکسوف کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے دعویٰ پر آسمانی شہادت کے طور پر پیش کیا۔

مکرم مولوی عبد الوہاب صاحب کی دلچسپ تقریر کے بعد معلم یحییٰ صاحب آف ... نے شمالی غانا میں احمدیت کے موضوع پر واقعاتی رنگ میں تقریر فرمائی۔

بعد ازاں خاکسار نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ میں نے قرآن پاک کے مختلف زبانوں میں تراجم۔ یورپ اور امریکہ جیسے کفرستانوں میں مساجد روئے زمین پر اسلامی مناروں کی طرف سے پیغام حق۔ درسگاہوں اور لٹریچر۔ اخبارات کی اشاعت وغیرہ امور پیش کئے۔

مکرم محمد ابراہیم صاحب لوکل مبلغ نے مفصل تقریر کی۔ جس میں ربوہ کے ایمان افروز حالات بیان کئے۔

اجلاس سوم

نمازوں کے وقفہ کے بعد اجلاس سوم شروع ہوا۔ امام مسجد مکرم خالد صاحب نے "میں نے احمدیت کیوں قبول کی" کے عنوان پر تقریر فرمائی۔ ان کے بعد الحاج الحسن عطا ایم۔ بی۔ ای (جو ربوہ کی زیارت کا شرف حاصل کر چکے ہیں) نے "اسلام میں مساوات" کے موضوع پر تقریر پڑھی۔ جس میں قرآن و حدیث کی روشنی میں اسلام میں گورے اور کالے اور اصفر اور احمر میں عدم تفریق کا ذکر کیا۔

ان کے بعد بائیبل میں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق پیشگوئیوں کے عنوان پر مکرم عبد الواحد عزیز صاحب نے موثر تقریر کی۔

اجلاس چہارم

اتوار کی صبح کو مکرم مولوی عبد الوہاب صاحب کی تلاوت کے بعد محترم مولانا نذیر احمد صاحب مبشر امیر غانا نے خطبہ افتتاحیہ ارشاد فرمایا۔ آپ نے اسلامی معاشرہ میں مسجد کی امتیازی حیثیت واضح کی اور تعمیر مساجد کی غرض و غایت کے بیان کے لئے قول ربانی وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَدًا (سورہ جن آیت ۱۹) کو پیش کر کے بتایا کہ اسلامی عبادات کا طرۂ امتیاز یہ ہے کہ ان میں مساوات اخوت اور باہمی رواداری کا سبق دیا جاتا ہے ہر مسجد میں داخل ہونے والا بلا لحاظ رنگ و نسل اور مالی حیثیت اس یقین پر قائم ہوتا ہے کہ اسے اپنے ساتھیوں کے ساتھ خانہ خدا میں دوش بدوش کھڑے ہونا اور ایک مشترکہ زبان (عربی) میں ایک خالق و مالک کے ذکر کو بلند کرنا ہے۔ اسلام نے بزرگی کا معیار حسب و نسب اور مال و منال کی بجائے تقویٰ کو مقرر کیا ہے۔

اسلام میں مسجد کے امام کے تقرر کے لئے ذاتی وجاہت اور قومی اور نسلی تفاخر کی بجائے تقوی اللہ اور علم قرآن کا معیار مقرر کیا گیا ہے اور اس کی اطاعت مقتدیوں کے لئے فرض قرار دی گئی ہے۔ پنجوقتہ باجماعت نماز کی ادائیگی مسلمانوں کو پابندی وقت اور باقاعدگی کا سبق دیتی ہے۔

اس کے بعد مصارف تعمیر مسجد میں حصہ لینے کے لئے احباب کو موقعہ دیا گیا۔ انفرادی اور اجتماعی طور پر قربانی (یا sacrifice) کا یہ نظارہ بڑا ہی ایمان افروز تھا۔ مخلصین ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کے شوق میں ٹوٹے پڑ رہے تھے۔ آن کی آن میں میز پر پونڈوں کا ڈھیر لگ گیا۔ گنتی پر معلوم ہوا کہ یہ مجموعی رقم ۹۰۳ پونڈ ۵ شلنگ اور ۶ پنس تھی جو تقریباً تیرہ ہزار روپیہ بنتی ہے۔

یہ امر مد نظر رہے کہ اسی جنوری کے آغاز میں احباب جماعت نے جلسہ سالانہ کے لئے ساٹھ پاؤنڈ کا سفر اور وہاں قیام و طعام کے اخراجات برداشت کرنے کے علاوہ ۱۲۶۰ پونڈ خاص چندہ دیا تھا اور وہاں کے لئے سفر کر کے آنے والوں کا کم از کم سو ہزار سے زائد محض سفر خرچ ہو گیا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ احباب جماعت کی یہ قربانی اپنے فضل سے قبول فرمائے۔ آمین۔ (باقی)

دعائے مغفرت

میرے ناناجان محترم چوہدری محمد اسمٰعیل صاحب ساکن محلہ دار الرحمت قادیان۔ حال مقیم نواں کوٹ لاہور ۱۷ مارچ بروز جمعۃ الوداع ایک بجے دوپہر چند گھنٹے پیٹ درد رہنے کے بعد اپنے مولائے حقیقی سے جا ملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون

محترم ناناجان اصحاب حضرت مسیح موعود علیہ السلام میں سے تھے۔ عید کے دن جنازہ ربوہ لے جایا گیا۔ مولوی جلال الدین صاحب شمس نے نماز جنازہ پڑھائی۔ اور مقبرہ صحابہ میں دفن کیا گیا۔

احباب مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کے لئے دعا فرمائیں۔

شمس النساء
نواں کوٹ۔ لاہور

خدام الاحمدیہ کے اعلانات

اعتماد:۔ بہت سی مجالس کی طرف سے ایسی اطلاعات آ رہی ہیں کہ انہیں سال رواں کا پروگرام نہیں پہنچا۔ مرکز کی طرف سے تمام مجالس کو بھجوا دیا جا چکا ہے۔ اب مرکز میں اس کی کوئی کاپی نہیں ہے۔ مجالس کے مطالبات پورے کرنے کے لئے اسے الفضل مورخہ ۱۴-۱۵ مارچ ۱۹۶۱ء میں چھپوا دیا جا چکا ہے۔ جن مجالس میں یہ پروگرام نہ ہو وہ الفضل کے مذکورہ بالا پرچوں سے نقل کر لیں۔

(۲) رمضان المبارک کا مہینہ ختم ہو چکا ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ خدام نے اس بابرکت مہینہ کی برکات سے فائدہ اٹھایا ہوگا۔ اب انہیں چاہیئے کہ نئے عزم اور نئے ارادہ سے مستعد ہو کر ملک و قوم کی خدمت کے لئے تیار ہو جائیں اور پوری تنظیم اور پورے وقار سے خدمت کریں اور خدمت کے نئے کسی مقصد کو ہاتھ سے جانے نہ دیں۔

مال:۔ تعمیر دفتر خدام الاحمدیہ کا کام شروع ہو چکا ہے۔ اس کے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے مجالس کے ذمہ رقوم مقرر کر کے انہیں اطلاع دی جا رہی ہے۔ مجالس آئندہ دو تین مہینوں میں کوشش کر کے مطلوبہ رقوم بھجوا دیں تا تعمیر کے کام میں کوئی روک نہ ہو اور ہم آئندہ سالانہ اجتماع تک اپنا ہال مکمل کر سکیں۔

صنعت و حرفت:۔ جملہ قائدین کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرائی جاتی ہے کہ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مجلس خدام الاحمدیہ کے ماتحت ایک شعبہ صنعت و حرفت و تجارت جاری فرمایا ہوا ہے۔ جس کا مقصد یہ ہے کہ خدام زائد وقت کو استعمال کریں اور اس کا بہترین مصرف یہ ہے کہ اپنے اصل پیشہ کے علاوہ کوئی اور پیشہ سیکھیں جو بوقت ضرورت کام آ سکتا ہے۔ اور جس سے عام وقت میں یا بوقت ضرورت زائد آمدنی پیدا کر کے اپنی اور سلسلہ کی بہتر طور پر خدمت سرانجام دی جا سکتی ہو۔ اس شعبہ کی سکیم سال رواں ۱۹۶۰-۶۱ء باقی سکیموں کے ساتھ جملہ مجالس کو بھجوائی جا چکی ہے۔ لہٰذا قائدین کرام سے گذارش ہے کہ وہ اس کا بغور مطالعہ فرما کر اپنی مجالس میں اس شعبہ کا قیام فرمائیں اور کام شروع کر دیں۔ جس کی ماہانہ رپورٹ باقاعدگی کے ساتھ مرکز میں بھجوائی جائے۔

نور آباد:۔ ۲۶/۲ کو یوم مصلح موعود پوری شان سے منایا گیا۔ نہایت کامیاب جلسہ ہوا۔ جس میں غیر از جماعت افراد بھی کافی تعداد میں شریک ہوئے۔ مقررین نے پیشگوئی کے مختلف پہلوؤں پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔

چک ۲/ب T.D.A:۔ ۲۰ فروری ۱۹۶۱ء حسب سابق یوم مصلح موعود کی تقریب پر جلسہ عام منعقد کیا گیا۔ خدام و انصار بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ پیشگوئی کے مختلف پہلوؤں کو تفصیلی طور پر واضح کیا گیا۔

کوئٹہ:۔ مورخہ ۵ مارچ صبح ۹ بجے سے ۱۱½ بجے تک اجتماعی وقار عمل منایا گیا۔ ۳۸ خدام حاضر تھے۔ کام کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا۔ یعنی مسجد کی صفائی۔ مسجد کی دریوں کو دھونا۔ اور مسجد سے ملحقہ احاطہ کی شکستہ دیوار کی تعمیر۔ تینوں گروپوں نے اپنے اپنے کام نہایت محنت اور خوش اسلوبی سے ادا کئے۔ مسجد کے فرش۔ دیواروں اور صحن کو دھویا گیا۔ دریوں کی صفائی مشکل تھی۔ تاہم اس مشکل کام کو بھی کسی نہ کسی طرح کر ہی لیا گیا۔ ۳½×۶ فٹ کی چھ اور ۱۰×۱۲ فٹ کی تین دریاں دھوئی گئیں۔ اس کے علاوہ ۲½ گھنٹے میں خدام نے ۱۲ فٹ لمبی اور پانچ فٹ اونچی دیوار تعمیر کی۔ مکرم امیر صاحب مقامی نے ذاتی دلچسپی سے راہنمائی کی۔ کوئٹہ میں ایسا عمدہ وقار عمل گذشتہ پانچ سال کے عرصہ میں نہیں ہوا تھا۔

مورخہ ۹/۳ کو لجنہ اماء اللہ کوئٹہ کی طرف سے وسیع پیمانہ پر افطاری کا انتظام کیا گیا۔ اس تمام تقریب کا انتظام بھی خدام الاحمدیہ کے سپرد تھا۔

(معتمد خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

"نظامت تعلیم وقف جدید" کے نام کی تبدیلی

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نظامت تعلیم وقف جدید انجمن احمدیہ کا نام تبدیل فرما کر "نظامت ارشاد وقف جدید" کر دیا ہے۔ آئندہ سے احباب خط و کتابت کرتے وقت ناظم ارشاد وقف جدید کو مخاطب فرمایا کریں۔ والسلام

خاکسار مرزا طاہر احمد ناظم ارشاد وقف جدید

السّابقون الاوّلون کی تازہ فہرست

جو احباب اپنا وعدہ تحریک جدید اوائل سال ہی میں کلی طور پر ادا فرما دیتے ہیں وہ سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ کے ایک ارشاد کی روشنی میں السابقون الاوّلون کہلانے کی سعادت حاصل کر لیتے ہیں۔ اشاعت اسلام کے لئے ان کی یہ قربانی ساری جماعت کی دعاؤں کی متقاضی ہوتی ہے۔ اس ضمن میں متعدد قسطیں الفضل میں شائع ہو چکی ہیں۔ ذیل میں تازہ فہرست ہدیہ قارئین کی جاتی ہے۔ قارئین کرام سے ان کے لئے خاص دعاؤں کی درخواست ہے۔

ملتان

اہلیہ صاحبہ شیخ محمد خورشید صاحب چھاؤنی ۲۸/-
چوہدری محمد حسین صاحب چھاؤنی ۱۰/-
اہلیہ چوہدری محمد امین صاحب امین پور ۵/-
چوہدری فضل کریم صاحب بورے والا ۱۴/۸
ماسٹر شمس الدین صاحب سیال 〃 ۵/-
ڈاکٹر محمد رفیق صاحب 〃 ۱۲/-
ماسٹر عنایت اللہ صاحب 〃 ۶/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 〃 ۵/-
اہلیہ صاحبہ ڈاکٹر محمد رفیق صاحب 〃 ۱۴/-
بلا تفصیل مورخہ ۲۸ دسمبر ۶۰ء ۱۲/۱۲
چوہدری نعمت علی صاحب چاہ بھاگوالہ ۱۴/۴
بی صاحبہ خوشنودامنہ 〃 ۱۴/۴
عمر حسن صاحبہ اہلیہ 〃 〃 ۱۴/۴
چوہدری احمد علی صاحب 〃 ۲۶/۱۲
نجم النساء بیگم صاحبہ 〃 ۷/۱۲
دختران احمد علی خانصاحب 〃 ۱۳/۱۴
چوہدری سلطان علی خانصاحب 〃 ۱۷/۸
صوفی کریم بخش صاحب معلم چاہ کسووال ۹/۸
محمد یوسف صاحب 〃 ۵/۸
شیخ عبد الغفور صاحب خانیوال ۸/۸
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۶/-
پیر مصباح الدین صاحب 〃 ۵/۸
اعجاز احمد قمر صاحب 〃 ۲۰/-
اہلیہ صاحبہ مبشر احمد صاحب بٹ 〃 ۵/-
شیخ محمد اسلم صاحب پریذیڈنٹ 〃 دنیاپور ۲۸/-
کنیز بی بی صاحبہ اہلیہ 〃 〃 ۲۲/-
شیخ محمد منیر صاحب 〃 ۲۱/-
فاطمہ بی بی صاحبہ 〃 ۲۰/-
مرزا محمد یعقوب صاحب 〃 ۸/۲
〃 محمد اکرم صاحب 〃 ۷/۲
〃 محمد اشرف صاحب 〃 ۷/۲
شیخ محمد سلیم صاحب 〃 ۱۷/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۹/-
امۃ القیوم صاحبہ 〃 ۱۸/۴
شیخ محمد نعیم صاحب 〃 ۶/-
صغرہ بی بی صاحبہ اہلیہ شیخ محمد منیر صاحب 〃 ۱۲/-
شیخ محمد ادریس صاحب 〃 ۶/-
شیخ مشتاق احمد صاحب 〃 ۵/-
〃 مظفر احمد صاحب 〃 ۵/۴

فاطمہ بی بی صاحبہ اہلیہ مرزا محمد یعقوب صاحب دنیاپور ۵/-
عبد الغنی صاحب 〃 ۵/-
جماعت دنیاپور کی ادائیگی سو فیصدی ہونے میں ۱۲/۸ روپے کی کمی ہے۔
چوہدری غلام محمد صاحب علی پور ۱۱/-
جماعت احمدیہ کبیر والہ -/۲۶ روپے بلا تفصیل وصول ہوئے ہیں مورخہ ۲۸ ۱۲/۶۰
جماعت احمدیہ لودھراں (۱۰۰٪) ۳۱۴/۳/۴
ملک عزیز احمد صاحب لودھراں ۱۵/۴
ملک محمد علی صاحب 〃 ۵/۷
ملک محمد ابراہیم صاحب 〃 ۸/۳
〃 محمد موسیٰ صاحب سیکرٹری مال 〃 ۱۵/۸
رحیم خاتون اہلیہ 〃 〃 ۵/۸
ملک احمد الدین صاحب 〃 ۱۰/۷
رحمت خاتون صاحبہ 〃 ۵/۷
چوہدری فضل الرحمٰن صاحب نائب تحصیلدار 〃 ۵۶/-
مستری عبد الغفور صاحب 〃 ۱۰/۱۳
چوہدری غلام حسین صاحب پٹواری 〃 ۲۲/۴
خان عاشق محمد صاحب پی ٹی ماسٹر 〃 ۷/۴
چوہدری نصیر الدین صاحب 〃 ۵/۱۴
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۵/۱۴
ماسٹر صلاح الدین صاحب 〃 ۵/۲
مولوی محمد سلیم صاحب 〃 ۶/۳
مستری غلام رسول صاحب 〃 ۵/۴
محمد اسحاق صاحب ٹیلر 〃 ۵/۲
خان مظفر احمد صاحب 〃 ۵/۸
چوہدری رحمت علی صاحب چک ۵۲۹/E.B ۶/۸
〃 محمد لطیف صاحب 〃 ۵/۸
〃 محمد حنیف صاحب 〃 ۶/۲
〃 محمد ابراہیم صاحب 〃 ۵/۳
〃 نذیر احمد صاحب 〃 ۶/-
جماعت احمدیہ چک ۲۳/D.N.B 〃 ۳۶/-
امۃ البشیر راشدہ صاحبہ لودھراں ۵/۸
بصیراں بیگم صاحب 〃 ۷/۹
بشیر احمد صاحب 〃 ۵/۳
محمد رفیق صاحب 〃 ۵/-
محمد اسمٰعیل صاحب 〃 ۵/۹
حمیدہ بیگم صاحبہ 〃 ۵/۹
رحمت بیگم صاحبہ 〃 ۲۳/۸
غلام احمد صاحب پٹواری 〃 ۱۵/۸

قریشی مشتاق احمد صاحب لودھراں ۱۰/۱
شیخ شفیع محمد صاحب زعیم 〃 ۶/-
نظر احمد صاحب چاہ احمد یار والا ۵/۴
چوہدری عبد المجید صاحب پریذیڈنٹ میاں چنوں ۱۷/-
〃 اللہ دتہ صاحب 〃 ۹/-
〃 خوشی محمد صاحب 〃 ۸/۱۲
صوبیدار میجر عزیز بخش صاحب 〃 ۱۵/-
چوہدری عبد الرحمٰن صاحب 〃 ۵/-
〃 نثار الحق راہمہ صاحب درکھانہ ۷/-
〃 محمد ابراہیم صاحب چک ۱۹/10-B ۵/۸
〃 فیروز الدین صاحب 〃 ۵/۵
〃 عبید اللہ صاحب 〃 ۵/۵
〃 محمد اکبر صاحب 〃 ۵/۵
اہلیہ محمود احمد صاحب معلم وقف جدید چک ۹۱ ۵/-
جماعت احمدیہ چک ۱۴۵/10-R سے بلا تفصیل مورخہ ۶۰/۱۲/۲۷ ۵۲/-
جماعت احمدیہ چک ۵/۳۴ سے بلا تفصیل ۲۲/۱۲
چوہدری عبد القادر صاحب ماہنی سیال ۱۵/-
〃 ظفر علی صاحب اور سیر سردار پور ۱۰۰/-
محمد اسمٰعیل صاحب چک ۳۹ کوٹلی عنایت ۱۰/۴
غلام قادر صاحب کوٹ ڈھلواں ۵/۶
غلام حسین صاحب چک ۲۴/10-R ۱۵/-
زہرہ خاتون صاحبہ چاہ دلاہی ۶/۴
حاجی عبد الرزاق صاحب چاہ شیخواہ ۵/-
ملک میاں محمد صاحب 〃 ۵/-
ملک حیات محمد صاحب 〃 ۵/-
خدیجہ بی بی 〃 ۵/-
خان عبد القادر صاحب بہاولنگر ۲۰/۴
والد صاحب 〃 〃 ۸/۳
والدہ صاحبہ 〃 〃 ۸/۳
بچگان 〃 〃 ۸/۳
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۸/۳
میاں محمد اسمٰعیل صاحب جھول ۳۰/۳
عبد الحمید صاحب 〃 ۲۲/۱۱
بابو نذیر احمد صاحب ملازم پیو برادر رحیم یار خاں ۱۷/-
محمد صدیق صاحب چک ۱۰۶ ۱۳/-
محمد شفیع صاحب ۷/-
چوہدری محمد شریف صاحب صادق آباد ۱۰۵/-
〃 اللہ داد صاحب آڈھنی 〃 ۸۳/-
〃 سیّد احمد صاحب ۱۰/-
〃 عبد الغفار صاحب ۱۰/-
〃 غلام احمد صاحب ۸۰/-
〃 عبد الرحمٰن صاحب چک ۳۲/N.P سنجر پور ۳۶/-
〃 محمد علی صاحب 〃 ۱۲/-
محمد عبد اللہ صاحب چک ۱۲۰ ۴۲/۸
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۲۵/۶
عبد المجید صاحب معہ اہلیہ 〃 ۱۰/۸
عبد الحمید صاحب 〃 ۱۰/۸
پیر محمد صاحب چک ۱۴۰/7-R ۸/-
غلام قادر صاحب 〃 ۸/-
محمد عبد اللہ صاحب ۶/-

محمد شریف صاحب چک ۱۶۰/7-R ۶/-
محمد اسلم صاحب 〃 ۵/-
چوہدری لعب الدین صاحب چک ۱۶۶ ۱۴۷/-
اقبال بیگم صاحبہ 〃 ۱۱/-
سردار بیگم صاحبہ 〃 ۱۴/۱
محمد ابراہیم صاحب 〃 ۷/۹
محمودہ بیگم صاحبہ 〃 ۷/۹
والد صاحب چوہدری لعب الدین صاحب 〃 ۵/۱۰
والدہ صاحبہ 〃 〃 ۵/۱۰
مریم بی بی صاحبہ اہلیہ 〃 〃 ۶/۱
بچگان 〃 〃 ۱۱/۱۲
چوہدری علی شبیر صاحب چک ۱۶۹ ۸۰/-
〃 عبد الرحمٰن صاحب 〃 ۱۲/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۱۲/-
والدہ صاحبہ 〃 〃 ۱۵/-
نذیر بیگم صاحبہ دختر علی شبیر صاحب 〃 ۶/۴
بشریٰ بیگم صاحبہ 〃 〃 ۶/۴
عبد الشکور صاحب 〃 ۶/۴
چوہدری محمد حسین صاحب 〃 ۱۲/-
〃 محمد طفیل صاحب 〃 ۱۲/-
شریفاں بی بی صاحبہ 〃 ۱۲/-
رشیداں بی بی صاحبہ 〃 ۶/۸
محمد شریف صاحب چک ۲۰۶ مراد ۵۵/-
خورشید بیگم صاحبہ 〃 〃 ۲۷/-
محمود احمد صاحب 〃 〃 ۶/۸
خواجہ صاحب 〃 〃 ۵/-
راج الدین صاحب 〃 〃 ۵/-
چوہدری محمد حیات صاحب باجوہ 〃 ۲۳/-
〃 نذیر احمد صاحب 〃 ۲۳/-
حاکم بی بی صاحبہ 〃 ۶/-
چوہدری بشیر احمد صاحب 〃 ۱۲/-
جیواں بی بی اہلیہ اللہ بخش صاحب چک ۷۴ ۵۰/-
نظام الدین صاحب چک ۱۰۴ ۵/-
لفٹننٹ کرنل محمد حسین صاحب چک ۱۲۲ ۳۰/-
چوہدری عبد العزیز صاحب چک ۱۰۳ ۲۰/-
〃 بشیر احمد صاحب 〃 ۱۲/-
خورشید بیگم صاحبہ 〃 ۶/-
اہلیہ سردار کوڑے خاں صاحب 〃 ۵/-

حیدرآباد ڈویژن

بابو محمود احمد صاحب حیدرآباد ۳۱/-
والدین 〃 〃 〃 ۱۱/-
اہلیہ مرحومہ 〃 〃 〃 ۶/-
ہمشیرہ 〃 〃 〃 ۶/-
محمد ابراہیم صاحب باربر 〃 ۶/-
محمد اسماعیل صاحب 〃 ۶/-
محمد یعقوب صاحب 〃 ۵/۸
چوہدری عبد السمیع صاحب حسنی 〃 ۱۵/-
بلقیس بیگم صاحبہ 〃 ۷/-
عنایت علی صاحب درانی 〃 ۲۰/-
خان فضل الرحمٰن خانصاحب 〃 ۱۲۰/-
سید مہدی حسن شاہ صاحب 〃 ۵/-

مولوی محمد عبداللہ صاحب پیر کوٹی ۲۵/۴
ملک عبدالرحمٰن صاحب ملتانی 〃 بشیر آباد ۱۴/-
منشی محمد موسےٰ صاحب سیکرٹری تحریک 〃 ۶۵/-
والد صاحب 〃 〃 〃 ۱۲/-
سوتیلی والدہ صاحبہ 〃 〃 〃 ۱۲/-
والدہ صاحبہ 〃 〃 〃 ۱۱/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 〃 ۱۱/-
محمد منیر صاحب پسر 〃 〃 〃 ۱۱/-
محمد سلیم صاحب 〃 〃 〃 ۷/-
نصرت بیگم صاحبہ 〃 〃 〃 ۹/-
چوہدری بشیر محمد صاحب اکونٹنٹ 〃 ۶۲/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 〃 ۹/۸
شاہ محمد صاحب پسر 〃 〃 ۸/۸
ارشاد بیگم صاحبہ 〃 〃 ۷/-
شریف احمد صاحب ولد تاج الدین 〃 ۵/-
علم دین صاحب ارائیں معہ ابراہیم برادر 〃 ۱۵/-
احمد الدین صاحب ملتانی 〃 ۱۸/-
غلام محمد صاحب 〃 〃 ۱۵/۱۲
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۱۰/۱۲
〃 〃 ملک عبدالرحمٰن صاحب 〃 ۶/-
محمد اسحاق صاحب حجام 〃 ۵/۴
محمد خاں صاحب جٹ 〃 ۶/-
محمد انور 〃 〃 ۱۳/-
عبدالواحد صاحب مالی بقایا 〃 ۵/-
〃 〃 〃 سال رواں 〃 ۵/۴
مستری محمد اسماعیل 〃 ۶/۴
عبدالعزیز صاحب معہ اہلیہ 〃 ۶۰/-
بچگان عزیزان مطابق تفصیل 〃
جمال الدین صاحب ارائیں 〃 ۵/۱۴
عبدالستار صاحب ڈاکٹر 〃 ۵۳/-
دین محمد صاحب ارائیں 〃 ۵/۳
بابا محمد صدیق صاحب 〃 ۷/-
رشید احمد صاحب چیمہ 〃 ۱۳/۴
برکت علی صاحب 〃 ۶/۸
لطیف احمد صاحب ملتانی 〃 ۵۲/۲
چراغ دین موچی 〃 〃 ۵/۱۰
محمد اشرف صاحب راجپوت 〃 ۵/۱۰
بشیر احمد صاحب پسر 〃 ۶/۴
محمد خاں صاحب گوجر 〃 ۱۴/-
اللہ دتہ صاحب 〃 〃 ۱۲/-
نذیر احمد صاحب ارائیں 〃 ۲۰/۴
غلام رسول صاحب ملتانی 〃 ۱۲/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۱۰/۸
محمد یونس صاحب 〃 ۵/-
جماعت احمدیہ ظفر آباد لابینی سے مورخہ ۱۲/۴ ۶۱ کو بلا تفصیل وصول ہوئے ۷۲۳/۱۴
جماعت احمدیہ ظفر آباد لوتکا سے مورخہ ۲/۳ ۶۱ کو بلا تفصیل وصول ہوئے ۲۰/-
چوہدری سلطان احمد صاحب کوٹ احمدیاں ۵/۶
کپتان سید افتخار حسین صاحب میرپور خاص ۶۰/-
اللہ بخش صاحب معہ انبیاء کرام 〃 ۲۰/-

اہلیہ کپتان سید افتخار حسین میرپور خاص ۳۰/۰
بچگان 〃 〃 〃 ۱۲/-
سلیم اللہ صاحب 〃 ۱۲/-
نصیر الدین صاحب 〃 ۵/-
حکیم فتح محمد صاحب سیکرٹری مال ڈگری ۸۱/-
مرزا محمد احمد صاحب 〃 ۱۱/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۸/-
چوہدری فضل احمد صاحب 〃 ۱۴/۱۳
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 〃 ۶/۵
چوہدری برکت علی صاحب 〃 ۵/-
ٹھیکیدار محمد ابراہیم صاحب کنری ۱۱/-
اہلیہ صاحبہ عطاء اللہ صاحب کوٹ عبداللہ ۵/۴
چوہدری غلام رسول صاحب گوٹھ غلام رسول ۱۰۰/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 〃 ۴۲/-
چوہدری نور احمد صاحب 〃 ۲۵/-
عبدالکریم صاحب 〃 ۱۲/-
اہلیہ صاحبہ چوہدری نور احمد صاحب 〃 ۲۱/-
اہلیہ صاحبہ عبدالکریم صاحب 〃 ۵/-
چوہدری برکت علی صاحب 〃 ۲۳/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۶/-
ثریا بیگم صاحبہ 〃 ۶/-
امتہ البشریٰ صاحبہ 〃 ۶/-
امتہ الرشید صاحبہ 〃 ۶/-
نذر محمد صاحب 〃 ۱۷/-
محمد شفیع صاحب 〃 ۱۳/-
دلاور خاں صاحب 〃 ۷/-
اکرام اللہ صاحب 〃 ۵/-
برکت اللہ شاہ صاحب 〃 ۵/-
عبدالجلیل صاحب 〃 ۵/-
چوہدری عبدالرحمٰن صاحب 〃 ۵/۴
〃 عبدالمجید صاحب 〃 ۵/۴
سید فضل شاہ صاحب 〃 ۵/-
ناصر شاہ سعید صاحب 〃 ۵/-
اہلیہ صاحبہ مرحومہ چوہدری برکت علی 〃 ۶/۸
چوہدری نبی احمد صاحب محمد آباد ۳۱/-
چوہدری صلاح الدین صاحب 〃 ۷۴/-
منشی اللہ بخش صاحب محمود آباد ۷/۱
چوہدری نذیر احمد صاحب 〃 ۱۵/-
نور بی بی صاحب 〃 ۲۷/-
بابا رستم علی صاحب 〃 ۵/۸
چوہدری علم الدین صاحب 〃 ۷/۸
ماسٹر بشارت احمد صاحب 〃 ۵/-
سردار بشیر احمد صاحب جٹ 〃 ۱۵/۱۰
نذیر احمد صاحب 〃 ۱۳/۹
غلام رسول صاحب 〃 ۵/۵
منور احمد صاحب 〃 ۵/۵
عبدالغفور صاحب 〃 ۵/۸
فضل کریم صاحب دکاندار 〃 ۱۴/۲
دین احمد صاحب مالی 〃 ۶/-
چوہدری اللہ بخش صاحب 〃 ۱۰/۲
سلطان احمد صاحب 〃 ۵/۲
محمد رمضان صاحب 〃 ۵/۲

جان محمد صاحب محمود آباد ۱۲/۵
سعید احمد صاحب 〃 ۶/۸
مختار احمد صاحب 〃 ۵/۸
ماسٹر یعقوب احمد صاحب 〃 ۵/۸
حفیظ احمد صاحب کلینر 〃 ۵/۲
ماسٹر مبشر احمد صاحب 〃 ۱۰/۸
شریف احمد صاحب جٹ 〃 ۱۳/۱۱
مولوی کرم الٰہی صاحب ناصر آباد ۴۴/۸
مختار احمد صاحب نبی سرروڈ ۶/۴
فضل الدین صاحب نور نگر ۱۳/۸
جعفر خاں صاحب 〃 ۴۶/-
نور محمد صاحب 〃 ۲۷/۸
محمد اسحاق صاحب 〃 ۱۱/-
محمد یوسف صاحب 〃 ۶/-
اللہ دتہ صاحب 〃 ۶/۱۲
چوہدری امیر احمد صاحب چک ۲۰۰ ۵/-
〃 اللہ دتہ صاحب 〃 ۵/-
〃 محمد شفیع صاحب 〃 ۵/-
〃 سردار محمد صاحب 〃 ۵/-
صوفی غلام محمد صاحب پریذیڈنٹ چک ۲۰۰ کاچیلو ۶۴/۴
نور بی بی صاحبہ 〃 ۱۳/-
رمضان بی بی صاحبہ 〃 ۲۲/۶
عبدالعزیز خالد صاحب 〃 ۱۴/۴
زینب بیگم صاحبہ 〃 ۸/۴
اعجاز احمد ایاز صاحب 〃 ۱۳/۱۲
خورشید بیگم صاحبہ 〃 ۶/۱۲
صفیہ بیگم صاحبہ 〃 ۸/۴
مبارک احمد صاحب 〃 ۶/۱۴
محمد صدیق صاحب 〃 ۱۳/۸
بشارت احمد صاحب 〃 ۵/۱
منور احمد صاحب 〃 ۵/۱
چوہدری خدا بخش صاحب 〃 ۶/۵
مولوی فقیر محمد صاحب سانگھڑ ۶۰/۴
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۱۳/۴
چوہدری بشیر احمد صاحب 〃 ۱۰/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۶/۸
بچگان 〃 〃 ۶/۸
محمد شفیق صاحب 〃 ۵/-
چوہدری محمد شریف صاحب اسلام پور اسٹیٹ ۱۲۰/-
ناصرہ بی بی صاحبہ 〃 ۴/-
سلطان بی بی صاحبہ والدہ محمد شریف صاحب 〃 ۲۰/-
بچگان 〃 〃 〃 ۲۰/-
والد صاحب 〃 〃 ۱۵/-
نجیب اللہ خاں صاحب 〃 ۳۲/-
خورشید بیگم صاحب اہلیہ 〃 ۱۲/-
بچگان 〃 〃 〃 ۱۲/-
والد صاحب 〃 〃 〃 ۶/-
والدہ صاحب 〃 〃 ۶/-

خیرپور ڈویژن

قریشی عبدالرحمٰن صاحب سکھر ۳۵/-
شیخ قدرت اللہ صاحب 〃 ۱۱۰

بشیر احمد صاحب سکھر ۷/-
مولوی احمد صادق صاحب 〃 ۷/-
منیر احمد صاحب 〃 ۷/-
عبدالخالق صاحب 〃 ۴۰/-
محمود عالم صاحب روہڑی ۶۶/-
والدہ 〃 〃 ۹/۱
شیخ عبدالرشید صاحب شرما شکار پور ۱۱۷/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 〃 ۳۱/-
مبارک احمد صاحب 〃 〃 ۱۰/۸
انور احمد صاحب 〃 〃 ۵/۸
بچگان 〃 〃 ۱۱/-
ڈاکٹر فقیر احمد صاحب 〃 ۱۰/-
ملک مبارک احمد صاحب نواب شاہ ۱۲/-
میاں فضل کریم صاحب 〃 ۵/۸
چوہدری نصراللہ خانصاحب باندھی ۲۷/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۱۳/-
جماعت احمدیہ جالپور کا وعدہ ۷۶۳/۱۴
اور بلا تفصیل مورخہ ۲۵/۱۲ ۶۰ کو مبلغ ۶۹۸/۲ وصول ہوئے
جماعت احمدیہ جیا پٹ مورخہ ۲۷/۱۲ ۶۰ کو ۸۳/-
〃 〃 رحیم آباد مورخہ ۲۴/۱۲ ۶۰ کو ۶۲/۱۲
چوہدری اللہ دتہ صاحب دیرہ ۲۱ ۱۰/۱۰
رسیدہ بی بی صاحبہ 〃 ۶/۲
چوہدری شریف احمد صاحب 〃 ۶/۲
خورشید بی بی صاحبہ 〃 ۹/۲
چوہدری غلام قادر صاحب 〃 ۱۰/۲
طالع بی بی صاحبہ 〃 ۵/۲
چوہدری فضل الرحمٰن صاحب 〃 ۵/۴
چوہدری حفیظ الرحمٰن صاحب 〃 ۵/۲
ڈاکٹر بشیر احمد صاحب کنڈیارو ۱۰/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۶/-
حاجی غلام رسول صاحب قاضی احمد ۱۵/-
〃 قمر الدین صاحب قمر آباد ۴۷/-
راستی بیگم صاحبہ 〃 ۱۸/۸
صاحب خاتون صاحبہ 〃 ۱۸/۸
اسماء بیگم صاحبہ 〃 ۶/-
نجم الدین صاحب 〃 ۲۱/-
مقبول بیگم صاحبہ 〃 ۹/-
چوہدری کرم الدین صاحب 〃 ۱۱/-
بشیر بیگم صاحبہ 〃 ۹/۸
چوہدری علم الدین صاحب 〃 ۱۲/-
سرداراں صاحبہ 〃 ۱۰/-
چوہدری نبی بخش صاحب 〃 ۱۱/-
سرداراں صاحبہ اہلیہ 〃 〃 〃 ۸/۸
چوہدری خیر الدین صاحب 〃 ۸/-
چوہدری لعل الدین صاحب 〃 ۷/-
چوہدری غلام علی صاحب 〃 ۱۵/-
حلیمہ صاحب اہلیہ 〃 〃 〃 ۶/-
ڈاکٹر فقیر محمد صاحب 〃 ۲۰/-
دربار خاتون اہلیہ ڈاکٹر فقیر محمد صاحب 〃 ۶/-
حاجی کریم بخش صاحب 〃 ۲۶/-
حلیمہ بیگم صاحبہ اہلیہ 〃 ۶/۸

عبدالہادی صاحب قمرآباد ۶/۸
خدیجہ صاحبہ اہلیہ عبدالہادی 〃 ۶/۸
قاضی غلام محمد صاحب 〃 ۱۰/۸
احسان خاتون صاحبہ 〃 ۶/-
چوہدری سائیں داد خانصاحب 〃 ۱۱/-
چوہدری دل محمد صاحب 〃 ۲۵/-
ماجرہ بیگم صاحبہ اہلیہ دل محمد صاحب 〃 ۱۹/-
بچگان 〃 〃 〃 ۱۹/-
جماعت احمدیہ قمرآباد اپنے وعدہ کے لحاظ سے ادائیگی سوفیصدی کر چکی ہے۔

خیرپور ڈویژن

چوہدری غلام نبی صاحب گوٹھ امام بخش ۱۰۵/-
〃 محمد عبداللہ صاحب 〃 ۹۶/-
〃 عطاء محمد صاحب 〃 ۸۹/-
اہلیہ چوہدری غلام نبی صاحب 〃 ۲۱/-
اہلیہ چوہدری عطاء محمد صاحب 〃 ۲۰/-
اہلیہ چوہدری محمد عبداللہ صاحب 〃 ۱۳/-
چوہدری علاؤ الدین صاحب 〃 ۲۵/۴
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۲۱/-
محمد سلیمان صاحب 〃 ۵/-
چوہدری غلام محمد صاحب معہ اہل وعیال 〃 ۱۰۷/-
راجہ عبدالسبحان صاحب 〃 ۶/۴
چوہدری محمد خان صاحب 〃 ۱۰/۴
چوہدری مختار احمد صاحب 〃 ۱۰/۴
〃 شریف احمد صاحب ڈھیری کرنڈی ۱۸/-
مولوی عبدالمجید صاحب 〃 ۹/۱۰
شریف احمد صاحب پیرکوٹی 〃 ۶/-
فضل احمد صاحب 〃 ۵/۴
چوہدری بشیر احمد صاحب اختر 〃 ۵/۴
منشی محمد اسمٰعیل صاحب 〃 ۶/-
محمد جمال صاحب 〃 ۵/۸
محمد اسمٰعیل صاحب ریحان 〃 ۵/۸
عبدالغفور صاحب 〃 ۵/۸
اہلیہ صاحبہ شریف احمد صاحب پیرکوٹی 〃 ۵/۴
〃 صاحبہ بشیر احمد اختر صاحب 〃 ۵/۴
〃 صاحبہ فضل احمد صاحب پیرکوٹی 〃 ۵/-
ملک بشیر احمد صاحب جیکب آباد ۵۰/-
ملک سردار خاں صاحب 〃 ۵۰/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۱۰/-
اہلیہ صاحبہ ملک بشیر احمد صاحب 〃 ۱۰/-
مستری عبدالعزیز صاحب 〃 ۱۵/-
میر صابر علی صاحب 〃 ۲۰/-
غیر احمدی خواتین 〃 ۸/-
محمد امین صاحب خلجی 〃 ۵/-
چوہدری سعید احمد صاحب انچارج سول ہسپتال نگرپارکر ۶/
حکیم محمد سہیل صاحب کمال ڈیرہ ضلع نواب شاہ ۵۰/-
فیض محمد صاحب 〃 〃 ۵/۱۲
ڈاکٹر وسیم الدین صاحب ہوچند باڈہ ۵/-
محمد اقبال صاحب راہ جاکی تھرپارکر ۱۱/-
منشی محمد الدین صاحب اسلام آباد ۱۷/۸
محمد اسحاق صاحب ۶/۶

عبدالرشید ارشد صاحب مربی سلسلہ احمدیہ لاڑکانہ ۳۲/-
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 ۶/-
احمد الدین خادم کلرک دفتر وکیل المال۔
احمد بخش عبداللہ خان صاحبان ضلع نواب شاہ ۱۵/-

جماعت کراچی

محمد عظیم صاحب فیڈرل کراچی ۷۲/-
محمد رفیع الزمان صاحب جنوبی 〃 ۷۰/-
عبدالماجد صاحب سوسائٹی 〃 ۵۰/-
جمعدار مختار محمود صاحب جنوبی 〃 ۵۰/-
چوہدری محمود احمد صاحب معہ اہل وعیال ناظم آباد ۱۱۱/-
رشید احمد صاحب ناظم آباد کراچی ۱۰/-
قریشی نجیب الدین صاحب 〃 〃 ۵۰/-
راجن بی بی صاحبہ اہلیہ ماسٹر فروز الدین پال 〃 ۲۱/-
عبدالکریم صاحب عباسی فیڈرل ایریا 〃 ۱۲/-
سید سخاوت علی شاہ صاحب ناظم آباد 〃 ۸/۸
کے عمر امجد صاحب منوڑہ 〃 ۱۸۳/-
ملک خالق داد صاحب ناظم آباد 〃 ۹۰/-
